# تشہّد و درود کے بعد کی دعائیں

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ ظُلۡمًا کَثِیۡرًا وَّ لَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اَنۡتَ فَاغۡفِرۡلِیۡ مَغۡفِرَۃً مِّنۡ عِنۡدِکَ وَارۡحَمۡنِیۡ، اِنَّکَ اَنۡتَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ. (صحیح البخاری:834)

اے اللہ! بلاشبہ میں نے اپنی جان پر بہت زیادہ ظلم کیا ہے اور تیرے سوا گناہوں کو کوئی بھی نہیں بخش سکتا۔ پس تو مجھے اپنے پاس سے بخشش عطا فرما اور مجھ پر رحم فرما۔ بے شک تو بہت بخشنے والا مہربان ہے۔

* اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ مَا قَدَّمۡتُ وَ مَا اَخَّرۡتُ وَ مَااَسۡرَرۡتُ وَمَااَعۡلَنۡتُ وَمَا اَسۡرَفۡتُ وَمَا اَنۡتَ اَعۡلَمُ بِہٖ مِنِّیۡ اَنۡتَ الۡمُقَدِّمُ وَاَنۡتَ الۡمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ. (صحیح مسلم:1812)

اے اللہ! تو میرے اگلے پچھلے، پوشیدہ اور ظاہر (تمام) گناہ معاف فرما اور میں نے جو زیادتیاں کیں اور وہ گناہ جن کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے (معاف فرما) تو ہی آگے کرنے والا ہے اور پیچھے کرنے والا ہے، تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ عَذَابِ الۡقَبۡرِ،
وَ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ فِتۡنَۃِ الۡمَسِیۡحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ فِتۡنَۃِ الۡمَحۡیَا وَفِتۡنَۃِ الۡمَمَاتِ،
اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡمَأۡثَمِ وَالۡمَغۡرَمِ. (صحیح البخاری: 832)

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ میں آتا ہوں عذاب قبر سے
اور تیری پناہ میں آتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے اور تیری پناہ میں آتا ہوں زندگی اور موت کے فتنے سے،
اے اللہ! یقیناً میں تیری پناہ میں آتا ہوں گناہوں اور قرض سے۔

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَمِنۡ عَذَابِ الۡقَبۡرِ وَمِنۡ فِتۡنَۃِ الۡمَحۡیَا وَالۡمَمَاتِ وَمِنۡ شَرِّ فِتۡنَۃِ الۡمَسِیۡحِ الدَّجَّالِ. (صحیح مسلم:1324)

اے اللہ! میں جہنم اور قبر کے عذاب سے، موت وحیات کے فتنے اور مسیح دجال کے فتنے کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡبُخۡلِ، وَاَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡجُبۡنِ،
وَاَعُوۡذُبِکَ اَنۡ اُرَدَّ اِلٰی اَرۡذَلِ الۡعُمُرِ، وَ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ فِتۡنَۃِ الدُّنۡیَا،
وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ عَذَابِ الۡقَبۡرِ. (سنن النسائی:5449)

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے
اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں ناکارہ عمر میں پہنچا دیا جاؤں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی آزمائش سے
اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔

* اَللّٰھُمَّ بِعِلْمِکَ الْغَیْبِ وَقُدْرَتِکَ عَلَی الْخَلْقِ اَحْیِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَیَاۃَ خَیْرًا لِّیْ
وَ تَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاۃَ خَیْرًا لِّیْ، اَللّٰھُمَّ وَاَسْاَلُکَ خَشْیَتَکَ فِیْ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ،
وَاَسْاَلُکَ کَلِمَۃَ الْحَقِّ فِی الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَاَسْاَلُکَ الْقَصْدَ فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰی
وَاَسْاَلُکَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَاَسْاَلُکَ قُرَّۃَ عَیْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْاَلُکَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ
وَاَسْاَلُکَ بَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَاَسْاَلُکَ لَذَّۃَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْھِکَ،
وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَائِکَ فِیْ غَیْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّۃٍ وَّ لَا فِتْنَۃٍ مُّضِلَّۃٍ،
اَللّٰھُمَّ زَیِّنَّا بِزِیْنَۃِ الْاِیْمَانِ وَاجْعَلْنَا ھُدَاۃً مُّھْتَدِیْنَ. (سنن النسائی: 1306)

اے اللہ! تو اپنے علم غیب سے اور اپنی اس قدرت کے ذریعے سے جو تجھ کو مخلوق پر ہے مجھے زندہ رکھ جب تک کہ تو جانتا ہے کہ میرے لیے زندہ رہنا بہتر ہے
اور مجھے موت دے جب کہ تو جانتا ہے کہ میرے لیے موت بہتر ہے۔ اے اللہ! میں ظاہر اور باطن میں تیرا خوف مانگتا ہوں
اور خوشی اور غصے کے وقت حق بات کہنے کی توفیق مانگتا ہوں اور محتاجی اور غنیٰ میں میانہ روی مانگتا ہوں
اور نہ ختم ہونے والی نعمت مانگتا ہوں اور نہ قطع ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتا ہوں۔ اور تقدیر پر راضی رہنے کا سوال کرتا ہوں اور موت کے بعد زندگی کی ٹھنڈک مانگتا ہوں
اور تیرے چہرے کو دیکھنے کی لذت کا سوال کرتا ہوں اور تجھ سے ملاقات کا شوق مانگتا ہوں بغیر اس کے کہ کسی نقصان دہ مصیبت میں پھنسوں یا کسی گمراہ کن فتنے میں مبتلا ہوں۔
اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزین کر دے اور ہدایت یافتہ لوگوں کا رہنما بنا دے۔

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ یَا اَللّٰہُ بِاَنَّکَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ
وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ. ( سنن النسائی:1302)

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! اس وجہ سے کہ تو یکتا و تنہا ہے، بے نیاز ہے۔ ایسی ذات ہے جس نے کسی کو جنم نہیں دیا اور نہ ہی وہ جنم دیا گیا
اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے یہ کہ تو میرے لیے میرے گناہوں کو بخش دے بے شک تو بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ یَا اَللّٰہُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ
وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ. (سنن أبی داؤد: 985)

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! تو یکتا ہے، بے نیاز ہے۔ ایسی ذات ہے جس نے کسی کو جنم نہیں دیا اور نہ ہی وہ جنم دیا گیا
اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے یہ کہ تو میرے لیے میرے گناہوں کو بخش دے بے شک تو بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

* اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ
بَدِیْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ. ( سنن النسائی:1301)

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بوجہ اس کے کہ تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں۔ تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں، بہت زیادہ احسان کرنے والا۔
آسمانوں اور زمین کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا، اے صاحب جلال واکرام، اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے اور قائم رکھنے والے۔ بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔


الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان فون: +92-51-4866130-1 +92-51-4866125-9

www.alhudapk.com www.farhathashmi.com

پبلی کیشنز
AL-HUDA PUBLICATIONS

06010104